تعارف و تبصرہ

ادارہ

مقالاتِ رحمانی یا تذکرہ بزرگاں

مؤلف : حکیم عبدالعزیز خطیب رحمانی

ناشر : مکتبہ رحمانی ۲۰/۲۳۸ فیڈرل بی ایریا۔ کراچی ۳۸

صفحات : ۱۶۰ طباعت : گوارا قیمت : تین روپیہ

یہ مقالات سترہ سوانحی اور اصلاحی مضامین کا مجموعہ ہے۔ یہ مضامین مختلف اوقات میں رسائل اور اخبارات میں شائع ہوتے رہے ہیں۔ زیادہ تر مضامین بزرگانِ دین کی سوانح اور خدمات سے متعلق ہیں۔ اسی لئے کتاب کا ذیلی نام "تذکرہ بزرگاں" رکھا گیا ہے۔

شخصیات کے انتخاب میں تنوع سے کام لیا گیا ہے۔ برصغیر کی شخصیات میں شیخ عبدالقدوس گنگوہی، سید وارث علی شاہ، شاہ عبداللطیف بھٹائی، مخدوم محمد جعفر بوبکانی، شیخ رحمکار سا کا صاحب، شاہ سلیمان پھلواروی، عبدالغفور ہمایونی اور مؤلف کے پیر محمد اسدالرحمان قدسی شامل ہیں۔

کتاب کے ٹائٹل، انتساب اور ایک مستقل مضمون سے معلوم ہوتا ہے کہ مؤلف محمد اسدالرحمان قدسی صاحب سے ارادت رکھتے ہیں۔ اُن سے انتہائی درجے کی عقیدت کا اظہار کیا گیا ہے۔ مؤلف کا اندازِ بیان مزید ریاضت چاہتا ہے۔ بعض مقامات پر مؤلف اپنا مافی الضمیر صحیح طور پر واضح نہیں کر سکے اور ایک دو مقامات پر الفاظ کا محل استعمال درست نہیں۔ (ملاحظہ ہو صفحات ۱۱۸، ۱۲۷)

تاہم خطیب رحمانی صاحب کی یہ کاوش ان کے جذبۂ دروں کی منہ بولتی تصویر ہے۔ کتاب پر ادارہ تحقیقاتِ اسلامی کے فاضل اہلِ قلم نے تقاریظ لکھی ہیں۔